24-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ایس آئی آر مہم کے دوران لاپرواہی کا مظاہرہ کرنے پر پارٹی لیڈرس کو سخت انتباہ دیا ہے۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی حکومت صرف چندافراد کیلئے نہیں بلکہ تمام شہریوں کیلئے کام کرتی ہے۔

۳۔ بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ موجودہ حکومت کی ناکامی کے سبب عوام کے سی آر کو دوبارہ اقتدار میں لانے کا مطالبہ کررہے ہیں۔

اور

۴۔ مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ، مخالف نارکو کوآرڈی نیشن سنٹر کی دسویں اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

SIR

وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے پارٹی لیڈرس کو انتباہ دیا ہے کہ اگر وہ خصوصی جامع نظرثانی (SIR) مہم کو مؤثر طریقہ سے نافذ کرنے میں ناکام رہے تو ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، جس میں ان کی تبدیلی بھی شامل ہے۔ ووٹرلسٹ سے نام حذف ہونے اور لاپرواہی کی اطلاعات کے بعد انہوں نے وزراء، اراکین اسمبلی، اراکین پارلیمنٹ اور حلقہ انچارجوں کو دس دن کے اندر پارٹی ہدایات پر عمل درآمد کا حکم دیا۔ زوم میٹنگ کے دوران ریونت ریڈی نے کہا کہ غریبوں کے ووٹنگ کے حق کا تحفظ نہایت اہم ہے کیونکہ ووٹ ختم ہونے سے ان کی فلاحی

دستاویزات بھی متاثر ہوسکتی ہیں۔انہوں نے رہنماؤں اور سرپنچوں سے فوری طور پر بیداری مہم شروع کرنے کی اپیل کی۔

PTC/HYD

BHATTI

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ تلنگانہ کی حکومت صرف چندافراد نہیں بلکہ 4 کروڑ عوام کی خدمت کے لئے کام کررہی ہے۔انہوں نے کانگریس کارکنوں سے خصوصی ووٹرنظر ثانی مہم کے دوران چوکس رہنے کی اپیل کی اور انتباہ دیا کہ جدید ٹکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کا غلط استعمال کرکے حقیقی ووٹروں کے نام حذف کیئے جاسکتے ہیں جیسا کہ بہار اور مغربی بنگال میں دیکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بھاری قرضوں کے باوجود حکومت مفت برقی اور خواتین کی فلاح و بہبود جیسی اسکیموں کوترجیح دے رہی ہے۔

PTC/KMM

HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو خط لکھ کر کرناٹک کی جانب سے مبینہ طور پر غیر مجاز تنگبھدرا آبی منصوبوں کی مخالفت کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ان کے مطابق یہ منصوبے راجولی بنڈہ ڈائیورژن اسکیم، تمیلا اور بھیما آبی سسٹم کے لئے خطرہ ہیں اور پالمور کے کسانوں کے مفادات کونقصان پہنچاسکتے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ ریاستی آبی حقوق کو کوڑنگل لفٹ منصوبہ کی منظوری کے بدلہ قربان کیا گیا ہے۔ ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر مرکزی حکام سے شکایت کرے یا قانونی کارروائی شروع کرے۔

PTC/HYD

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کانگریس حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عوام اب کے سی آر کی واپسی چاہتے ہیں کیونکہ موجودہ حکومت مختلف محاذوں پر ناکام رہی ہے۔ انہوں نے صحافیوں کے اکریڈیشن کارڈس کی منظوری میں تاخیر، کسان قرض معافی میں ناکامی، رعیّتو بندھو اسکیم میں کمی اور دھان کی فصل پر بونس محدود کرنے کے الزامات عائد کئے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بی آر ایس حکومت نے سیتا راما منصوبہ پر 8 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے تھے جبکہ موجودہ حکومت میں بڑے پیمانہ پر بدعنوانی ہو رہی ہے۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں سے ڈیجیٹل رکنیت مہم اور ووٹر اندراج کے تحفظ کے لئے سرگرم کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔

PTC/KMM

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نئی دہلی میں نارکو کوآرڈی نیشن سنٹر (NCORD) کی دسویں اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس اجلاس میں منشیات کے خلاف کارروائی کا جائزہ لیا جائے گا اور انہیں مزید مضبوط بنانے کے اقدامات پر غور کیا جائے گا۔ اس موقع پر وہ ویژن ڈاکومنٹ برائے انسدادِ منشیات 2026-2029 بھی جاری کریں گے جس میں منشیات کی سپلائی اور طلب میں کمی، بحالی اور مصنوعی منشیات و ڈارک نیٹ جیسے نئے خطرات سے نمٹنے کی حکمت عملی شامل ہوگی۔

NSD

TEHRAN

ایران میں ہندوستانی سفارت خانہ نے ایک تازہ سفری ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ سکیورٹی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے، پھر بھی غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے۔ ایران میں مقیم یا موجود ہندوستانی شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ محتاط رہیں، معتبر ذرائع سے حالات پر نظر رکھیں اور فوری طور پر سفارت خانہ میں اپنا اندراج کروائیں۔ کسی بھی مدد کیلئے cons.tehran@mea.gov.in یا ایمرجنسی ہلپ لائن نمبرات +989128109115, +989128109109, +989128109102, and +989932179359 پر ربط قائم کیا جا سکتا ہے۔

NSD7

KASHMIR

ہندوستان نے اقوام متحدہ کے ایک فورم پر پاکستان کی جانب سے کشمیر کا مسئلہ اٹھانے پر سخت اعتراض کیا ہے۔ نئی دہلی نے اسلام آباد پر الزام لگایا کہ وہ اپنے شریک صدر کے منصب کا غیر جانبدارانہ استعمال کرنے کے بجائے سیاسی مقاصد کے لئے فورم کو استعمال کر رہا ہے۔ عالمی ادارہ میں ہندوستان کے مستقل نمائندہ پی ہریش نے پاکستان کے مستقل نمائندے عاصم افتخار احمد کے بیانات کے جواب میں یہ موقف پیش کیا اور پاکستان کے رویہ پر تنقید کرتے ہوئے کشمیر کے معاملہ پر ہندوستان کے دیرینہ موقف کو دہرایا۔

NSD

PIYUSH

مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے امریکی تجارتی نمائندہ سفیر جیمیسن گریر اوران کے وفد کے ساتھ ملاقاتوں کا سلسلہ مکمل کرلیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان جاری تجارتی مذاکرات کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا اور اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

NSD7

MAHABUBABAD

محبوب آباد ضلع کی کلکٹر سنیہا سبریش نے بینکوں سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومتی اہداف کے حصول میں مکمل تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع نے مالی سال 2025-26 کے سالانہ کریڈٹ پلان کا ہدف مارچ 2026 تک 100.47 فیصد حاصل کرلیا ہے۔ تاہم انہوں نے زرعی قرضوں میں بہتری، رہائشی منصوبوں، قبائلی علاقوں اور گرین انرجی منصوبوں کے لئے بینکوں کی مزید مدد پر زور دیا۔

STRINGER/MBBD

JUPALLY

سیاحت وثقافت کے وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے اعلان کیا ہے کہ کانگریس حکومت ہر مستحق غریب خاندان کو اندراماں ہاؤس فراہم کرے گی چاہے اس کا تعلق کسی بھی سیاسی جماعت، ذات یا مذہب سے ہو۔ ناگر کرنول ضلع میں منعقدہ گھر پرویش تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت ہر مکان پر پانچ لاکھ روپے خرچ کر رہی ہے۔ ابتدائی مرحلہ میں ساڑھے چار

لاکھ مکانات کے بعد اب دوسرا مرحلہ شروع کیا گیا ہے جس کے تحت مزید ڈھائی لاکھ مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔

PTC/NGKL

GADWAL

جوگولامبا گدوال ضلع کے ضلعی میڈیکل وہیلتھ آفیسر محمد اصغر علی نے محکمہ صحت کے عملہ کو ہدایت دی ہے کہ 30 سال اوراس سے زائد عمر کے افراد میں بلڈ پریشر، شوگر اور کینسر اسکریننگ کی گھر گھر تصدیق کا عمل بروقت مکمل کیا جائے۔ جائزہ اجلاس میں انہوں نے 28 جون سے شروع ہونے والی پلس پولیو مہم کے دوران صفر سے 5 سال عمر کے تمام بچوں کیلئے مکمل احاطہ کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا اور کہا کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے ضلع کو صحت کے اہداف کے حصول میں پہلی پوزیشن پر لانے کے لئے کام کریں۔

PTC/J.GWL

RUN

ملوگو گورنمنٹ ہائی اسکول کے میدان میں اولمپک ڈے رن 2026 کا انعقاد کیا گیا۔ یہ پروگرام انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی، انڈین اولمپک ایسوسی ایشن اور تلنگانہ اولمپک ایسوسی ایشن کے اشتراک سے منعقد ہوا۔ وزیر دانا سری انا سویا سیتا اکا، ضلع کلکٹر بی ہیمنت سہادیوراؤ اور ایس پی غوث عالم نے اسپورٹس مشعل روشن کر کے تقریب کا افتتاح کیا۔ سیتا اکا نے کہا کہ دورافتادہ علاقہ ہونے کے باوجود ملوگو کے کھلاڑی قومی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے نئے ایتھلیٹک اسٹیڈیم کے لئے چار کروڑ روپے منظور کرنے کا اعلان بھی کیا۔

Byte: Seetakka

PTC/MLG

COMPENSATION

تنگاترتھی کے ایم ایل اے منڈ ولا سیموئل نے کہا ہے کہ حکومت زمین کے حصول کے دوران کسانوں کو منصفانہ معاوضہ فراہم کررہی ہے تاکہ ان کے مفادات کا تحفظ کیا جاسکے۔ ضلع کلکٹر انوراگ جینتی کے ساتھ انہوں نے ریپاکا، اڈاگودور منڈل میں صنعتی پارک کے لئے زمین دینے والے دس کسانوں میں فی ایکر 12 لاکھ روپے کے معاوضہ کے چیک تقسیم کئے۔ ابتدا میں فی ایکر 6 لاکھ روپے مقرر تھے لیکن انتظامیہ نے کسانوں کے روزگار اور مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے رقم دوگنی کردی اور عوامی سماعتوں کے ذریعہ عمل جلد مکمل کیا۔

PTC/YB

PONNAM

وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ تلنگانہ کو مناسب مقدار میں یوریا فراہم کرنا مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر یوریا کی قلت پیدا ہوئی تو کانگریس لیڈرس، بی جے پی لیڈروں کے گھروں کے سامنے احتجاج کریں گے۔ انہوں نے بی جے پی کے ارکانِ پارلیمنٹ سے مطالبہ کیا کہ ریاست کو مطلوبہ مقدار میں یوریا فراہم کرایا جائے۔ وزیر نے الزام لگایا کہ چونکہ تلنگانہ میں بی جے پی کی حکومت نہیں ہے، اس لئے ریاست کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاستی حکومت معیاری بیج فراہم کررہی ہے، نئی فلاحی اسکیموں کی تیاری جاری ہے اور دو لاکھ نئی پنشنوں کے مستحقین کو حتمی شکل دی جارہی ہے، جبکہ مفت برقی اور رہائشی اسکیموں پر بھی عمل جاری ہے۔

PTC/HYD

KOMATIREDDY

سڑکوں، عمارتوں اور سنیماٹوگرافی کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے نلگنڈہ کو ریاست کا مثالی شہر بنانے کا عزم ظاہر کیا ہے۔انہوں نے نلگنڈہ آر ٹی سی بس اسٹینڈ کی توسیع اور جدید کاری کے منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھا۔اس پروجکٹ کی ابتدائی لاگت ایک کروڑ 20 لاکھ روپے ہے جبکہ جدید سہولیات، انتظار گاہوں کے باغات اور جدید پلیٹ فارمز کے لئے مزید پانچ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ وزیر نے مقامی روٹس کے لئے نئی سٹی بسوں کا افتتاح بھی کیا اور خواتین کے مقامی گروپوں کے زیر انتظام پٹرول پمپ اور اندراماں مہیلاشکتی کینٹین قائم کرنے کا اعلان کیا۔

PTC/NLG

SANGAREDDY:

سنگاریڈی کے کلکٹر پرتیک جین نے اعلان کیا ہے کہ ایس آئی آر کا عمل 25 جون سے شروع ہوگا جس کے ذریعہ انتخابی قواعد کو صحیح اور شفاف بنایا جائے گا۔ بوتھ سطح کے عہدیدار، 24 جولائی تک گھر گھر جا کر سروے کریں گے اور تفصیلات حاصل کرنے کے علاوہ تصحیح کرنے کے ساتھ ساتھ نئے نوجوان ووٹرس کے نام شامل کریں گے۔

PTC/SR

SIDDIPET:

رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے اتھلیٹس پر زور دیا ہے کہ پوری شدت کے ساتھ تیاری کریں کیونکہ وزیراعظم نریندر مودی سال 2036ء میں ہندوستان کو اولمپکس کی میزبانی دلانے کیلئے سرگرداں ہیں۔ سدی پیٹ میں اولمپک رن کو جھنڈی دکھاتے ہوئے ایم پی نے مقامی اولمپک

اسوسی ایشن کی ستائش کی اور اولیائے طلبہ، اساتذہ اور عہدیداروں پر زور دیا کہ بچوں کی جسمانی و ذہنی نشو ونما پر توجہ دی جائے اور اس کیلئے اسپورٹس میں حصہ لینے کیلئے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

PTC/SDPT

○○